یکم اکتوبر2013ء

بینک 'وزیراعظم کے بلوچستان زلزلہ ریلیف فنڈ' کے لیے عطیات وصول کریں: اسٹیٹ بینک کی ہدایت

اسٹیٹ بینک نے بینکوں کو ہدایت کی ہے کہ وزیراعظم کے بلوچستان زلزلہ ریلیف فنڈ 2013ء کے لیے عطیات وصول کریں جو حکومت پاکستان کے فنانس ڈویژن نے نان فوڈ اکاؤنٹ نمبر 1 کے تحت ''G-12148'' کے عنوان سے قائم کیا ہے۔

اسٹیٹ بینک کے سرکلر میں بینکوں کو یہ ہدایت بھی کی گئی ہے کہ اپنی شاخوں کو نمایاں جگہ پر ایک نوٹس بورڈ نصب کرنے کی ہدایات جاری کریں جس پر تحریر ہو'' وزیراعظم کے بلوچستان زلزلہ ریلیف فنڈ2013ء کے عطیات یہاں وصول کیے جاتے ہیں۔''

عطیہ دہندگان کی سہولت کے لیے یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ مذکورہ فنڈ کے عطیات اسٹیٹ بینک، ایس بی پی بی ایس سی (بینک)، تمام سرکاری خزانوں اور نیشنل بینک آف پاکستان اور جدولی بینکوں کی تمام شاخوں میں وصول کیے جائیں گے۔

سرکلر میں کہا گیا ہے کہ اس فنڈ کے لیے ملکی اور بین الاقوامی دونوں عطیہ دہندگان سے عطیات وصول کیے جاسکتے ہیں۔ بیرون ملک سے آنے والے عطیات جدولی بینکوں کی شاخوں میں وصول کیے جائیں گے، جہاں یہ شاخیں موجود ہوں۔ دیگر ملکوں میں یہ عطیات پاکستانی سفارتخانوں میں وصول کیے جائیں گے اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان کو بھیج دیے جائیں گے۔

سرکلر میں بینکوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وصول کردہ نقد رقوم اگلے روز اسٹیٹ بینک آف پاکستان، بی ایس سی کے مقامی دفتر میں جمع کرائیں اور اگر علاقے میں اسٹیٹ بینک آف پاکستان، بی ایس سی کا کوئی دفتر موجود نہیں تو نیشنل بینک آف پاکستان کی قریب ترین شاخ میں جمع کرائیں، بشمول ایک گوشوارے کے جس میں عطیے کی تفصیلات درج ہوں۔

30 ستمبر 2013ء کو اسٹیٹ بینک کے فنانس ڈپارٹمنٹ کے جاری کردہ سرکلر کے مطابق بینکوں کے لیے ضروری ہے کہ فنڈ میں عطیات جمع کرانے والوں کو رسید جاری کریں۔ ان رسیدوں کی دو نقلیں ہونی چاہئیں۔ اصل رسید ذمہ دار افسر کے دستخط کے ساتھ عطیہ دہندہ کو دی جائے، ایک نقل اسٹیٹ بینک آف پاکستان (بی ایس سی) کے دفتر یا نیشنل بینک آف پاکستان کی شاخ کو بھیجی جائے اور دوسری نقل عطیہ وصول کرنے والی شاخ بطور ریکارڈ رکھے۔

☆☆☆